
اس کے لیے درخواست دیں

# ورکنگ فیملی الاؤنس

اورحاصل کریں

## اضافی رقم

آپ کے پے چیک کے عِلاوہ



ویب سائٹ
wfa.gov.hk

برقی طور پر جمع کروانا
wfa.gov.hk/esub

24 گھنٹے ہاٹ لائن
**2558 3000**


**ورکنگ فیملی الاؤنس آفس**

کام کرنے والا خاندان اور طلبہ کی مالی معاونت ایجنسی

9/F, 181 Hoi Bun Road, Kwun Tong, Kowloon
(Entrance at Tsun Yip Street near Kwun Tong Waterfront)


(April 2025 Urdu version)

# اسکیم کی اہم خصوصیات

ورکنگ فیملی الاؤنس (WFA) کے لیے درخواست **گھرانے کی بنیاد** پر دی جاتی ہے ((1) ایک فرد پر مشتمل گھرانے بھی درخواست دے سکتے ہیں)۔

درخواست **پر آمدنی اور اثاثوں** کی جانچ کا اطلاق ہوتا ہے۔

**گھرانوں کو ملازمتی گھنٹوں کی** شرائط کی لازماً تکمیل کرنی ہوگی (غیر واحد والدین کے گھرانوں کے لیے ماہانہ کم از کم ایک سو چوالیس (144) گھنٹے اور واحد والد/والدہ کے گھرانوں[1] کے لیے ماہانہ کم از کم چھتّیس (36) گھنٹے) ۔

گھر کے تمام افراد کے ملازمتی گھنٹے مجموعی ہیں۔ درخواست گزار اور اس کے گھر کے افراد ایک ہی مہینے میں ایک سے زائد ملازمتوں کے ملازمتی گھنٹوں کی اطلاع دے سکتے ہیں[2] ۔

ہر اہل بچے کو، جس کی عمر پندرہ (15) سال سے کم ہو یا پندرہ (15) سے اکّیس (21) سال کے درمیان ہو اور وہ کُل وقتی، ثانوی سے آگے کی تعلیم حاصِل نہ کر رہا ہو، تو اُسے **چائلڈ الاؤنس** دیا جائے گا۔

ہر **چھ ماہ** کے عرصے میں ایک مرتبہ درخواست دیں۔

الاؤنس کا حساب گھرانے کی آمدنی اور اُس مہینے کے مجموعی ملازمتی گھنٹوں کی بنیاد پر کیلنڈر کے مہینوں کے لحاظ سے لگایا جاتا ہے۔

جامع سماجی تحفظ کی معاونت (CSSA) کو ایک ہی مہینے میں ورکنگ فیملی الاؤنس WFA کے ساتھ بیک وقت وصول نہیں کیا جاسکتا۔



[1] واحد والد/والدہ کے گھرانے ایسے گھرانوں کو کہتے ہیں جن میں واحد ورکنگ، درخواست گزار والد/والدہ (بشمول سرپرست) 15 سال سے کم عمر کم از کم ایک بچے کے ساتھ رہتے ہیں۔

[2] اگر مجموعی رپورٹ کردہ ملازمتی گھنٹے پہلے ہی بلند ترین حد کو پہنچ گئے ہوں، تو درخواست گزر چاہے تو دیگر ملازمت/ملازمتوں کے ملازمتی گھنٹوں کی اطلاع نہ دینے کا فیصلہ کرسکتا ہے، لیکن اُسے پھر بھی آمدنی کی جانچ کے لیے مختلف ملازمتوں سے حاصل کردہ تمام تر آمدنی کی اطلاع دینی ہوگی۔

# درکار اہلیتی معیار کی تفصیلات

## ملازمتی گھنٹوں کی شرائط

گھرانے کے مجموعی ملازمتی گھنٹوں کی تعداد کے لحاظ سے، اہل گھرانے کو بنیادی الاؤنس، متوسط الاؤنس یا بلند تر الاؤنس دیا جاتا ہے۔

| الاؤنسز کی اقسام | ماہانہ ملازمتی گھنٹوں کی شرائط |
|---|---|
| بنیادی الاؤنس | غیر واحد والدین کے گھرانے: 144 سے لے کر 168 سے کم<br>واحد والد/والدہ کے گھرانے: 36 سے لے کر 54 سے کم |
| متوسط الاؤنس | غیر واحد والدین کے گھرانے: 168 سے لے کر 192 سے کم<br>واحد والد/والدہ کے گھرانے: 54 سے لے کر 72 سے کم |
| بلند تر الاؤنس | غیر واحد والدین کے گھرانے: 192 یا زائد<br>واحد والد/والدہ کے گھرانے: 72 یا زائد |

## گھرانوں کے اثاثوں کی حد

گھرانے کے مجموعی اثاثے اثاثوں کی حد سے تجاوز نہیں کرنے چاہئیں، یہ حد گھرانے کے حجم کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔

| گھرانے کے افراد کی تعداد | اثاثوں کی حدود (دعوے کے مہینے اپریل 2024 سے مارچ 2025) | اثاثوں کی حدود (دعوے کے مہینے اپریل 2025 سے مارچ 2026) |
|---|---|---|
| 1 فرد | $286,000 | $291,000 |
| 2 افراد | $387,000 | $394,000 |
| 3 افراد | $505,000 | $514,000 |
| 4 افراد | $590,000 | $600,000 |
| 5 افراد | $655,000 | $666,000 |
| 6 افراد | $709,000 | $721,000 |

6 افراد سے زائد کے گھرانوں کے لیے اثاثوں کی حدود wfa.gov.hk پر دستیاب ہیں۔

# درکار اہلیتی معیار کی تفصیلات (جاری)

## گھرانوں کی آمدنی کی حدود

گھرانے کی مجموعی آمدنی ہرگز آمدنی کی حد سے تجاوز نہیں کرنی چاہیے، یہ حد گھرانے کے حجم کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہے۔
گھرانے کی آمدنی کے لحاظ سے، الاؤنس مکمل شرح، 3/4 کی شرح یا نصف شرح پر دیا جاتا ہے۔

| گھرانے کے افراد کی تعداد | ماہانہ گھریلو آمدنی کی حدود (دعوے کے مہینے اپریل 2024 سے مارچ 2025) | | |
|---|---|---|---|
| | مکمل شرح پر الاؤنسز | 3/4 شرح پر الاؤنسز | نصف شرح پر الاؤنسز |
| 1 فرد | $11,000 | $13,200 | $15,400 |
| 2 افراد | $15,900 | $19,000 | $22,200 |
| 3 افراد | $19,800 | $23,800 | $27,700 |
| 4 افراد | $25,000 | $30,000 | $35,000 |
| 5 افراد | $25,000 | $30,000 | $35,000 |
| 6 افراد | $27,600 | $33,100 | $38,600 |

| گھرانے کے افراد کی تعداد | ماہانہ گھریلو آمدنی کی حدود (دعوے کے مہینے اپریل 2025 سے مارچ 2026) | | |
|---|---|---|---|
| | مکمل شرح پر الاؤنسز | 3/4 شرح پر الاؤنسز | نصف شرح پر الاؤنسز |
| 1 فرد | $12,000 | $14,400 | $16,800 |
| 2 افراد | $16,200 | $19,400 | $22,600 |
| 3 افراد | $20,500 | $24,600 | $28,700 |
| 4 افراد | $25,800 | $31,000 | $36,100 |
| 5 افراد | $25,800 | $31,000 | $36,100 |
| 6 افراد | $27,600 | $33,100 | $38,600 |

6 افراد سے زائد کے گھرانوں کے لیے آمدنی کی حدود wfa.gov.hk پر دستیاب ہیں۔

# الاؤنسز کی رقم

| | مکمل شرح پر الاؤنسز | 3/4 شرح پر الاؤنسز | نصف شرح پر الاؤنسز |
|---|---|---|---|
| ہر گھرانے کے لیے ماہانہ الاؤنس | | | |
| بنیادی الاؤنس | $1,150 | $863 | $575 |
| متوسط الاؤنس | $1,380 | $1,035 | $690 |
| بلند تر الاؤنس | $1,610 | $1,208 | $805 |
| ہر اہل بچے کے لیے ماہانہ چائلڈ الاؤنس | | | |
| چائلڈ الاؤنس | $1,610 | $1,208 | $805 |

## مثالیں



**گھرانہ A**
دو اہل بچوں سمیت چار افراد
ماہانہ مجموعی ملازمتی گھنٹے: 192 گھنٹے
مجموعی ماہانہ آمدنی: $21,000
ہر 6 ماہ کے عرصے میں گھرانے کے لیے مجموعی الاؤنس
[$1,610 (ہر گھرانہ)+$1,610 (ہر بچہ) x 2] x 6 = $28,980

**گھرانہ B**
ایک فرد
ماہانہ مجموعی ملازمتی گھنٹے: 180 گھنٹے
مجموعی ماہانہ آمدنی : $15,000
ہر 6 ماہ کے عرصے میں گھرانے کے لیے مجموعی الاؤنس
$690 (ہر گھرانہ) x 6 = $4,140

**گھرانہ C (واحد والد/والدہ کا گھرانہ)**
تین اہل بچوں سمیت چار افراد
ماہانہ مجموعی ملازمتی گھنٹے: 80 گھنٹے
مجموعی ماہانہ آمدنی : $20,000
ہر 6 ماہ کے عرصے میں گھرانے کے لیے مجموعی الاؤنس
[ $1,610 (ہر گھرانہ) +$1,610 (ہر بچہ) x 3] x 6 = $38,640

درخواست گزار ورکنگ فیملی الاؤنس WFA کے لیے اہلیت پر ابتدائی تجزیے اور الاؤنس کی رقم کے لیے wfa.gov.hk پر WFA کیلکیولیٹر استعمال کرسکتے ہیں۔



# یاد رکھنے کے نکات

**ملازمتی گھنٹوں** میں درخواست گزار اور گھرانے کے دیگر ورکنگ افراد (کسی کے پاس یا ذاتی ملازمت کے حامل) کی جانب سے کیے گئے بامعاوضہ کام کے گھنٹے (بشمول بامعاوضہ تعطیلات اور غیر حاضریاں) شامل ہوتے ہیں۔

**آمدنی** میں، ہانگ کانگ کے اندر یا کسی اور ملک میں، اجرتیں (لازمی پروویڈنٹ فنڈ اسکیموں میں ملازمین کی لازمی ادائیگی کی کٹوتی کرتے ہوئے)، فراہم کردہ سروسز کے عوض وصول کردہ فیسیں، کاروباری منافع، کرایہ جاتی آمدنی، وصول کردہ نان نفقہ، ماہانہ پنشن، ایک ہی عمارت میں نہ رہنے والے رشتے داروں یا دوستوں کی جانب سے ادائیگیاں، اور دیگر شامل ہیں۔

**اثاثوں** میں، ہانگ کانگ کے اندر یا کسی اور ملک میں، زمین، زمینی جائیدادیں (رہائشی جائیدادوں کے علاوہ)، گاڑیاں/کشتیاں، ٹیکسی/عوامی چھوٹی بس کے لائسنسز، سرمایہ کاریاں، شیئرز/کاروباری حلف نامے، بینک ڈپازٹس/نقد رقم، انشورنس پالیسیوں کی نقد مالیت، اسٹاکس، جوئے کا اکاؤنٹ بیلنس، ذاتی رہائش کی عدم حامل جائیدادیں، پارکنگ کے مقامات، قرضے جو ابھی تک وصول نہ ہوئے ہوں، سونے کی اینٹیں، سونے کے سکّے وغیرہ شامل ہیں۔

ایک گھرانہ عموماً ایسی اکائی کو کہا جاتا ہے جہاں افراد گہرے معاشی تعلق کے ساتھ ایک ہی چھت تلے رہ رہے ہوں (ہانگ کانگ میں)۔ ان افراد کا ہانگ کانگ کے رہائشی ہونا لازمی ہے۔ عام طور پر، شوہر اور بیوی کو WFA کی اسکیم کے تحت ایک ہی گھرانے کے افراد سمجھا جاتا ہے خواہ وہ ایک ہی چھت تلے رہ رہے ہوں یا نہیں۔

ہر درخواست میں دعوے کا ایک دورانیہ شامل ہوتا ہے جو درخواست جمع کروانے سے بالکل پہلے کے گزشتہ چھ کیلنڈر مہینوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اہل گھرانے کو ہر چھ کیلنڈر مہینوں پر مشتمل دعوے کے دورانیے کے لیے ایک درخواست جمع کروانی ہوتی ہے۔ دعوے کے **دورانیے ایک دوسرے میں مدغم یا شامل نہیں ہوتے۔**

# درخواست جمع کروانا

wfa.gov.hk/esub

## آن لائن درخواست دیں



- ڈاک اور فوٹو کاپی پر لگنے والی رقم بچائیں
- تصدیقی دستاویزات جمع کروانا آسان ہوتا ہے
- آپ کبھی بھی اور کہیں بھی درخواست پر پیشرفت کا جائزہ لے سکتے ہیں اور اپنی معلومات کی تجدید کرسکتے ہیں۔



## بذریعہ ڈاک جمع کروائیں

PO Box No. 62600 Kwun Tong Post Office
( Working Family Allowance Office (WFAO)
of the Working Family and Student Financial Assistance Agency (WFSFAA) )



## درج ذیل مقامات پر ڈراپ اِن ڈبوں کا استعمال کرتے ہوئے

- WFSFAA کا WFAO
- WFSFAA کا طلبہ مالیات آفس
- لیبر ڈیپارٹمنٹ کے ملازمتی مراکز
- محکمۂ سماجی بہبود کے ڈسٹرکٹ سماجی بہبود کے دفاتر

### درخواست کی دستاویزات یہاں دستیاب ہیں :

- WFA کی ویب سائٹ (www.wfsfaa.gov.hk/en/wfao/wfas/forms.php)
- WFSFAA کا WFAO
- WFSFAA کا طلبہ مالیات آفس
- لیبر ڈیپارٹمنٹ کے ملازمتی مراکز اور انڈسٹری پر مبنی بھرتی کے مراکز
- محکمۂ سماجی بہبود کے ڈسٹرکٹ سماجی بہبود کے دفاتر، سماجی تحفظ کے فیلڈ یونٹس اور فیملی سروسز کے مربوط مراکز
- محکمۂ امورِ داخلہ کے امورِ داخلہ تفتیشی مراکز

### درخواستوں کا اعلامیہ

- درخواست وصول ہونے کے بعد، WFAO ایس ایم ایس یا ای میل کے ذریعے دس دن کے اندر اندر درخواست گزار کو وصولی کا اقرارنامہ بھیجے گا۔
- درخواست کی جانچ مکمل ہونے کے بعد درخواست گزاروں کو درخواست کے نتائج سے تحریری طور پر مطلع کر دیا جائے گا۔

# دستاویزی ثبوت کی مثالیں

## ملازمتی گھنٹے

- ملازمت کے معاہدے
- حاضری کے ریکارڈز
- ملازمتی گھنٹوں کے حوالے سے ایمپلائر کے سرٹیفکیٹس

## گھرانے کی آمدنی

- ادائیگی کی رسیدیں
- تنخواہ وصولی کی رسیدیں
- ملازمت کے معاہدے
- بینک اسٹیٹمنٹس یا پاس بُکس
- آمدنی کے حوالے سے ایمپلائر کے سرٹیفکیٹس

## گھرانے کے اثاثے

- بینک کے گوشوارے یا پاس بُکس
- انشورنس پالیسی کے گوشوارے
- سرمایہ کاری کے گوشوارے
- گاڑی یا کشتی کی رجسٹریشن کی دستاویزات




## چائلڈ الاؤنس

- پیدائشی سرٹیفکیٹ
- گود لیے جانے کا ثبوت (گود لیے گئے بچوں کے لیے)
- حاضری کا ثبوت ( 15 سے 21 سال کی عمر کے درمیان ایسے نوجوان افراد کے لیے جو فُل ٹائم ثانوی سے آگے کی تعلیم حاصل نہ کر رہے ہوں)

## واحد والد/والدہ کا اسٹیٹس

- امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ شادی کے ریکارڈ کی عدم موجودگی کا سرٹیفکیٹ
- طلاق یا علیحدگی سے متعلقہ دستاویزی ثبوت
- شادی کا سرٹیفکیٹ اور شریکِ حیات کی وفات کا سرٹیفکیٹ

